فیس مبلغ -/5500 روپے کل فیس مبلغ -/10250 روپے ہوگی۔

(iii) اگر کوئی طالب علم گیارہویں جماعت میں نامساعد حالات کی وجہ سے اپنا تعلیمی سلسلہ جاری نہ رکھ سکا ہو، اور نہ ہی اسے رول نمبر کا اجراء ہوا ہو یا گیارہویں جماعت کے امتحان میں غیر حاضر ہو یا ایک مضمون رمضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں تو وہ ری ایڈمشن حاصل کرنے کا اہل ہے۔اس کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔تاہم پاس امیدواران ری ایڈمیشن حاصل کرنے کیلئے نتیجہ کی اشاعت کے بعد جاری شیڈول کے مطابق اپنا نتیجہ منسوخ کروا کر ری ایڈمشن لے سکتے ہیں۔نتیجہ منسوخی کی فیس -/2000 روپے مقرر ہے۔نیز ایسے امیدوار اشٹامپ پیپر پر اس امر کا بیان حلفی تصدیق شدہ از مجسٹریٹ درجہ اول دیں گے کہ وہ کسی مرحلہ پر پوزیشن رانعام کے حقدار نہیں ہوں گے۔(پوزیشن کے حقدار صرف وہ امیدواران ہوں گے جنہوں نے ادارہ میں پہلی مرتبہ داخلہ حاصل کیا ہوگا۔)

(iv) امیدوار نتیجہ کی منسوخی کیلئے درخواست مع بینک چالان کی کاپی اور اصل بیان حلفی کنٹرولر صاحب امتحانات کالجز کے نام اندر معیاد ارسال کریں۔

(v) امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2020ء و مابعد سال اول میں شامل ہونے والے طلباء/طالبات جو پارٹ دوم/کمپوزٹ امتحان میں شامل نہ ہوئے ہوں یا تعلیمی سیشن 26-2024 میں رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران دوبارہ داخلہ (ری ایڈمیشن) حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔

(vi) اگر کوئی امیدوار سال 2024ء میں پارٹ اول کے امتحان میں ریگولر شامل ہوا مگر کسی وجہ سے فرسٹ اینول 2025ء میں پارٹ دوم میں ریگولر طور پر شامل امتحان نہیں ہو سکا تو اسے آنے والے امتحان پارٹ دوم سیکنڈ اینول 2025ء میں ریگولر طور پر شامل ہونے کی اجازت ہوگی۔

-5 **<u>کالج ٹو کالج مائیگریشن۔</u>**

کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جاسکتی ہے۔مائیگریشن فیس کی عام شرح -/2000 روپے اور ارجنٹ فیس -/2500 روپے ہے۔

نوٹ:۔ کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف online web portal کے ذریعے ہی ہوگی۔ڈبل شیڈول کے بعد فارم داخلہ فیڈ نہ ہونے کی صورت میں عام فیس -/4000 روپے اور ارجنٹ فیس -/5000 روپے ہوگی

-6 **<u>گروپ کی تبدیلی۔</u>**

میڈیکل ٹیکنالوجی میں گروپ تبدیلی کی فیس مبلغ -/5500 روپے ہوگی۔ فارم داخلہ فیڈنگ کے وقت گروپ تبدیلی کی ACCESS دی جائے گی۔

-7 دیگر بورڈز میں متعلقہ ٹیکنالوجی میں رجسٹرڈ ہونے والے رشامل امتحان ہونے والے اُمیدواران مائیگریشن حاصل کرنے کی صورت میں بورڈ ہذا میں رجسٹریشن کیلئے میڈیکل ٹیکنالوجی کیلئے مقررہ رجسٹریشن فیس ادا کریں گے۔سربراہ ادارہ ایسے طلبا و طالبات کو کالج لیونگ کے بعد اندر 30 یوم داخلہ دے کر اندر 15 یوم رجسٹریشن ریٹرن بورڈ ہذا میں پہنچانے کے پابند ہونگے۔رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ دوسرے بورڈ سے جاری شدہ NOC بصورت اصل اور کالج لیونگ سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل ارسال کرنا ہوگی۔تحت قواعد داخلہ نہ ہونے کی صورت میں رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر دی جائے گی۔

-8 **<u>ری ایڈمیشن (FSC ٹو میڈیکل ٹیکنالوجی)</u>**

اُمیدوار کی طرف سے کسی دیگر گروپ میں سال اول میں داخلہ حاصل کر کے سال اول میں شامل امتحان ہونے کے بعد یا بدوں امتحان دیئے جاری سیشن میں گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن حاصل کرنے کی صورت میں ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/4750 روپے تبدیلی گروپ فیس مبلغ -/5500 کل مبلغ -/10250 روپے وصول کیئے جائیں گے۔

-9 میڈیکل ٹیکنالوجی گروپ میں سال اول میں شامل امتحان ہونے والے طلباء طالبات بدوں تبدیلی گروپ صرف ری ایڈمیشن فیس -/4750 روپے جمع کروا کر دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کے اہل ہونگے۔

-10 دوسرے بورڈز سے آنے والے امیدوار اپنے سابقہ بورڈ میں ری ایڈمٹ ہونے کے بعد بورڈ ہذا میں سال اول میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں۔

-11 تعلیمی سیشن 27-2025 میں حسب ذیل ٹیکنالوجی گروپس میں طلبا و طالبات کی رجسٹریشن کی جائے گی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| i۔ | میڈیکل لیب ٹیکنالوجی | ii۔ | آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی | iii۔ | ریڈیالوجی (ایکسرے) ٹیکنالوجی |
| iv۔ | ڈینٹل ہائی جین ٹیکنالوجی | v۔ | آپتھالمک ٹیکنالوجی | vi۔ | ڈسپینسنگ ٹیکنالوجی |
| vii۔ | کارڈیو ویسکولر ٹیکنالوجی | | | | |

**نوٹ: اگر کسی ادارہ کے ذمہ تجدید رجسٹریشن، تجدید الحاق فیس، حکومتی منظوری یا کسی امیدوار کے ذمہ لوازمات بقایا ہو تو بعجلت ممکنہ ارسال کرنا ہوں گی۔بصورت دیگر طلباء و طالبات کی رجسٹریشن کی کارروائی نہ ہوگی۔رجسٹریشن کی کارروائی بروقت مکمل نہ کروانے کی صورت میں امتحانی داخلہ شیڈول تاخیر کا شکار ہونے کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر ہو گی۔دستاویزات کی عدم فراہمی / قواعد و ضوابط جاری شیڈول کے برخلاف فیڈ شدہ امیدواران کی جمع شدہ فیس ناقابل واپسی اور بحق بورڈ ضبط تصور ہوگی نیز رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ میں ارسال کرنے سے قبل رجسٹر داخل/خارج سے موازنہ/پڑتال کر لیں تاکہ کوئی امیدوار/امیدوارہ رجسٹریشن سے رہ نہ جائے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔**

04/08/2025

**(تسنیم زہرہ کیانی)**

سیکریٹری

نمبر بورڈ/رجسٹریشن/ 3531-3588 / 2025 مورخہ: 05-08-25

**نقل بالا بخدمت:**

-1 جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-2 پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب وزیر ہائیر ایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-3 پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب سیکریٹری (ہائیر ایجوکیشن رایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-4 جناب ناظم اعلیٰ ہائیر ایجوکیشن/ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ رزنانہ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-5 جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (ہائیر ایجوکیشن/ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) میرپور/مظفرآباد/پونچھ ڈویژن۔

-6 سسٹم انالسٹ صاحبہ بورڈ ہذا

-7 ڈیٹا پراسسنگ آفیسر صاحب بورڈ ہذا

-8 ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

-9 ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور رتراڑکھل رمظفرآباد۔

-10 جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (میڈیکل ٹیکنالوجی)

-11 سیکریٹری صاحبان تعلیمی بورڈز لاہور رراولپنڈی رگوجرانوالہ رسرگودھا رفیصل آباد رڈیرہ غازی خان رملتان ربہاولپور رساہیوال۔

-12 نمائندگان PTV/APP، روزنامہ نوائے وقت/جنگ/پاکستان/اوصاف/خبریں/انصاف/کائنات/اساس/جناح بغرض اشاعت بطور خبر۔

-13 نیوز ایڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/تراڑکھل/میرپور۔

-14 داخلی تقسیم/آفس آرڈر فائل/مسل متعلقہ/نوٹس بورڈ۔

D/ siraj/notification 4C